نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے تل کی دیکھ بھال کیلیئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: **23 جولائی 2025**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پنجاب میں تل کی فصل بڑھوتری کے مراحل میں ہے۔کاشت کے بعد دوسرا اہم مرحلہ آبپاشی ہے۔تل کی فصل تقریباً 3 سے 4 پانی لگانے سے پک کر تیار ہو جاتی ہے۔اگاؤ مکمل ہونے کے بعد پہلا پانی 25 سے 30 دِن بعد دوسرا پانی پھول آنے پر تیسرا پانی پھلیاں بنتے وقت اور چوتھا پانی بیج بنتے وقت لگائیں چونکہ اس فصل کی بڑھوتری کا وقت موسم برسات میں ہے اس لئے کاشتکار بارش کی صورت میں آبپاشی کے شیڈول میں تبدیلی کریں۔زیادہ بارش ہونے کی صورت میں فصل سے فالتو پانی نکالتے رہیں۔پانی کھڑا رہنے کی وجہ سے پودے مرنا شروع ہو جاتے ہیں لہذٰا کاشتکار تل کی فصل میں نکاسی آب کا فوری مناسب بندوبست کر لیں۔

☆☆☆☆